حدیث: اس قافلے کے ساتھ فرشتے نہیں ہوتے جس میں کتا اور گھنٹی ہو"۔

زمرہ: عقیدہ . فرشتوں پر ایمان . فرشتے .

عَنْ أَبِي هُرَيْرَةَ رضي الله عنه أَنَّ رَسُولَ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ قَالَ:
«لَا تَصْحَبُ الْمَلَائِكَةُ رُفْقَةً فِيهَا كَلْبٌ وَلَا جَرَسٌ».
[صحيح] - [رواه مسلم] - [صحيح مسلم: 2113]

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:
"اس قافلے کے ساتھ فرشتے نہیں ہوتے جس میں کتا اور گھنٹی ہو"۔
[صحیح] - [رواه مسلم] - [صحيح مسلم - 2113]

شرح

نبی صلی اللہ علیہ و سلم نے بتایا کہ فرشتے اس قافلے کے ساتھ نہیں رہتے، جس کے ساتھ کتا ہو، یا گھنٹی ہو جسے جانوروں کے گلوں میں باندھا جاتا ہے اور جو ہلنے پر بجتی ہو۔

حدیث کے کچھ فوائد

1. **کتا پالنے اور اسے ساتھ رکھنے کی ممانعت۔ لیکن شکاری کتا اور نگرانی کرنے والا کتا اس سے مستثنی ہے۔**
2. **جو فرشتے ان کے ساتھ جانے سے گریز کرتے ہیں وہ رحمت کے فرشتے ہوتے ہیں۔ البتہ اعمال لکھنے کے کام پر مامور فرشتے سفر اور حضر میں ہمیشہ ساتھ رہتے ہیں۔ کبھی جدا نہیں ہوتے۔**
3. **گھنٹی سے ممانعت۔ کیوں کہ گھنٹی شیطان کی بانسری اور نصاری کے ناقوس جیسی چیز ہے۔**
4. **مسلمان کو ان تمام چیزون سے دور رہنے کا حریص ہونا چاہیے، جو فرشتوں کو اس سے دور کرنے کا کام کرتی ہیں۔**

زمرے

- عقیدہ . فرشتوں پر ایمان . فرشتے

Bosanski Русский Türkçe বাংলা ئۇيغۇرچە Indonesia Español English عربي
Português Hausa Kurdî Tagalog Tiếng Việt فارسی 中文 हिन्दी සිංහල
Shqip অসমীয়া پښتو Deutsch ไทย မြန်မာ Kiswahili తెలుగు മലയാളം
دری Lietuvių Yorùbá नेपाली Кыргызча ગુજરાતી Nederlands አማርኛ Svenska
Malagasy Moore Čeština Magyar Română Kinyarwanda Soomaali Српски
ქართული Українська O'zbek Azərbaycan Wolof ಕನ್ನಡ Oromoo Italiano
मराठी ਪੰਜਾਬੀ ភាសាខ្មែរ Македонски